95322-ڈیجٹل اور ویڈیو کیمرہ سے تصویر بنانے کا حکم

سوال

ڈیجٹل اور ویڈیو کیمرہ سے تصویر بنانے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

ڈیجٹل کیمرہ سے تصویر بنانے کی دو قسمیں ہیں :

پہلی قسم :

یہ تصویر فوٹوگرافی ہو (یعنی کاغذ پر پرنٹ ہونے والی ریل اور فلم کے ذریعہ اتاری گئی ہو) تو یہ جائز نہیں ہے، لیکن اگر اس تصویر کے استعمال کا مقصد مباح اور جائز ہو، مثلاوہ تصویر جو شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، یا لائسنس یا مجرموں کو پہچاننے کے لیے اس طرح دوسری صحیح غرض اور مقصد کے لیے.

اور صرف یاداشت اور یادگیری کے لیے تصویریں رکھنا جائز نہیں جیسا کہ اکثر لوگ کرتے ہیں.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (10326) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

دوسری قسم :

وہ تصویر جو ڈیجٹل کیمرہ سے لی گئی ہو وہ متحرک ہو جیسا کہ ویڈیو تو اس میں کوئی حرج نہین اور یہ حرمت میں شامل نہیں ہوتی.

لیکن ایسی تصویر بنانی جائز نہیں جو معصیت وگناہ میں معاون ثابت ہو، یا پھر برائی پر اسے برانگیختہ کرے، مثلا بے پردہ عورتوں کی تصویر بنانا، یا پھر فسق و فجور والی جگھوں یا بدعت و شرک والی جگھوں کی بطور تعظیم اور اس کی راہنمائی کے لیے تصویر بنائی جائے.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (10326) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.